پریس ریلیز

گوجرانوالہ 12 اگست 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر شیخ فیصل ایوب نے کہا کہ سابق صدور شیخ محمد نسیم اور ملک ظہیر الحق نے القائم فاؤنڈیشن میں تھیلیسیمیا، ہیموفیلیا اور بلڈ کینسر کے مریض بچوں کیلئے جدید مشینوں کے ذریعے خون کی تبدیلی کی جو سہولت فراہم کی ہے مستحق افراد کیلئے کسی بڑی نعمت سے کم نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صدیق صادق ہسپتال میں القائم فاؤنڈیشن کی افتتاحی تقریب سے خطاب کے دوران کیا۔ جبکہ اس موقع پر سابق صدور عمر اشرف مغل، سابق سینئر نائب صدر حاجی نوشاد احمد، سابق نائب صدر شیخ قیصر امین کے علاوہ ممتاز کاروباری شخصیات بھی موجود تھیں۔ انہوں نے تھیلیسیمیا، ہیموفیلیا اور بلڈ کینسر سے متاثرہ تمام مریضوں اور ان کے لواحقین کا حوصلہ بڑھاتے ہوئے کہا کہ ہم سب مل کر اس موذی مرض کے خلاف جنگ لڑیں گے۔ ہمارا بھرپور تعاون آپ سب کے ساتھ ہے۔

شیخ فیصل ایوب صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس نے تھیلیسیمیا، ہیموفیلیا اور بلڈ کینسر میں مبتلا بچوں کی پریشانی کو مدنظر رکھتے ہوئے پیغام جاری کیا کہ ہمیں اپنے معاشرے میں اس خطرناک بیماری سے بچنے کیلئے اپنے بچوں کا شادی سے قبل ٹیسٹ کروانا بہت ضروری ہے تاکہ ساری عمر کے پچھتاوے سے بچا جا سکے۔ بعد ازاں سرپرست اعلیٰ القائم فاؤنڈیشن شیخ محمد نسیم اور ملک ظہیر الحق نے صدر چیمبر شیخ فیصل ایوب کو ادارے کا تفصیلی معائنہ کرایا اور ادارے کے اغراض و مقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالی۔